# KANNUR DISTRICT PANCHAYATH
# DIET KANNUR
# SSLC MUKULAM MODEL EXAMINATION 2020

Time : 1½ Hrs | **First Language Part – 1 (Urdu)** | Total Score : 40

**പൊതു നിർദ്ദേശങ്ങൾ**

* ആദ്യത്തെ 15 മിനുട്ട് ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കാനുള്ള സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
* 1 മുതൽ 4 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക
* 5 മുതൽ 8 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക
* 9 മുതൽ 15 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 5 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക
* 16 മുതൽ 21 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 4 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക

---

**1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے- 3x1=3**

1 مفلس کا درد دل میں کوئی ٹھانتا نہیں
مفلس کی بات کو بھی کوئی مانتا نہیں

بچو، اس شعر کا موضوع کیا ہے؟ [بچپن، غریبی، مدر تریسا، محنت]

2 نیچے چند ادیبوں کے نام ہیں۔ان میں سے فلمی گیت کاروں کے نام چن کر لکھیے۔

[مرزا غالب، ساحر لدھیانوی، میر تقی میر، سدرشن فاخر]

3 'عقلمند مچھیرا' ڈرامہ آپ نے پڑھا ہے۔اس کے لیے اور ایک عنوان لکھیے۔

4 صحیح جملہ کون سا ہے؟ چن کر لکھیے۔

a) منّی تو سسرال جارہا ہے۔ b) منّی تو سسرال جارہی ہیں۔

c) منّی تو سسرال جارہی ہے۔ d) منّی تو سسرال جارہے ہیں۔

**5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے- 3x2=6**

5 نیچے چند اشعار دیے گیے ہیں۔ان میں سے مدر تریسا کے بارے میں لکھی گئی شعر چن کر لکھیے۔

a) ان ہاتھوں کی تعظیم کرو
ان ہاتھوں کی تکریم کرو

b) روشن تھی اندھیروں میں
جو ماں کی صداؤں سی

c) کھڑی دھوپ میں اپنے گھر سے نکلنا
وہ چڑیا وہ بلبل وہ تتلی پکڑنا

6 قوسین سے مناسب لفظ چن کر گروہ پورا کیجیے [سدرشن فاخر ، ڈرامہ ، مضمون ، ندافاصلی]

| | | | |
|---|---|---|---|
| a | نہ دھوپ سے پریشان | عبدالحلیم شرر | ------------- |
| b | کاغذ کی کشتی | ------------- | نظم |

7 خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملایئے۔

| الف | ب |
|---|---|
| کابلی والا<br>یہ وقت کی آواز ہے<br>سوا سیر گیہوں<br>ہاتھوں کا ترانہ | پریم چند<br>علی سردار جعفری<br>رابندر ناتھ ٹیگور<br>شکیل بدایونی |

8 مناسب کرداروں کے نام چن کر خانہ بھریے۔

[رحمت، مچھیرا، شنکر، دادامیاں]

| | | |
|---|---|---|
| a | ''ان داتا ! وہ کوئی دوسرا نہیں۔ وہ آپ کے محل کا دربان ہے۔'' | -------------- |
| b | ''بہت عرصہ کے بعد اتنا عمدہ گیہوں دیکھنے میں آیا۔ ہاں ! بالکل ویسا ہی ہیں۔'' | -------------- |

**9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی پانچ کے جواب لکھیے- 5x3=15**

9 فضا ویران ہے گرمی کی شدّت ہے زمانے میں
مگر مصروف ہیں بیچارے دہقان ہل چلانے میں

اس میں شاعر کسانوں کی محنت کے بارے میں بیان کرتا ہے۔

a) اس شعر کا شاعر کون ہے؟

b) کھیتی باڑی کی اہمیت پر آپ کا خیالات لکھیے؟

10 'کھجری کے سائے میں' افسانہ آپ نے پڑھا ہے نا؟ کھجری گاؤں والوں نے پیڑ کاٹنے کے خلاف ایک جلوس نکالنے کا فیصلہ کیا۔

بچو، جلوس کے لیے تین نعرے لکھیے؟

جیسے :- پیڑ مت کاٹو، ماحول کو بچاؤ

11 انسان جنگل برباد کرتے ہیں ، پہاڑ توڑتے ہیں، کھیت مٹّی بھر کے بڑی بڑی عمارتیں بناتے ہیں، فطرت کو بگاڑتے ہیں۔ بچو، فطرت کو بچانے کے لیے ہم کیا کیا کر سکتے ہیں؟

12 عبارت پڑھ کر اشاروں کی مدد سے تین سوالات تیار کیجیے۔

بادشاہ کے حکم سے ملک سے زیادہ سے زیادہ بوڑھے کسان محل میں لائے گئے۔ان میں ایک بوڑھا تھا۔جو بہت ہی کمزور تھا۔ نہ پیٹ میں آنت نہ منہ میں دانت ۔دبلا پتلا ہڈّیوں کا ڈھانچہ، کمر نکلی ہوئی دو بیسا کھیوں کی مدد سے لڑکھڑاتا ہوا بادشاہ کے سامنے حاضر ہوا۔بادشاہ نے گیہوں کا دانہ بوڑھے کو دکھایا۔

[اشارہ:-کون ، کیا، کہاں ، کیوں ، کتنا]

13 آپ کے اسکول میں ہیلت کلب کے ماتحت یوگا کی اہمیت پر ایک سمینار ہونے والا ہے۔اس سمینار کی مہمانِ خصوصی مشہور یوگا گرو طیب علی خان ہے۔ان سے انٹرویو کرنے کے لیے چند سوالات تیار کیجیے۔

14 دل ہی تو ہے نہ سنگ وخشت درد سے بھر نہ آئے کیوں
روئیں گے ہم باربار ، کوئی ہمیں ستائے کیوں

a) اس غزل کا شاعر کون ہے؟

b) غزل اردو کی آبرو ہے۔غزل کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

15 'پھول والوں کی سیر ہندوستان کی گنگا جمنی تہذیب اور ہندو مسلم بھائی چارگی کا اعلیٰ نمونہ ہے'۔

a) ہندوستان کے دو تہواروں کے نام لکھیے۔

b) آپ کے پسندیدہ تہوار کے بارے میں چند جملے لکھیے۔

**16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب لکھیے۔ 4x4=16**

16 انجلی اپنے داداجان گووند سے مل کر کلکتہ واپس جاتی ہے۔سفر کے دوران اپنی سہیلی یاسین کا فون آیا۔ دونوں کی گفتگو کیا ہوں گے؟

یاسمین : ہیلو، تم کہاں ہو؟

انجلی : میں کلکتہ لوٹ رہی ہوں۔

یاسمین : ......................

انجلی : ......................

17 اشاروں کی مدد سے علی سردار جعفری کے بارے میں سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔

| علی سردار جعفری | | |
|---|---|---|
| شہرت | : | فلمی گیت کار |
| پیدائش | : | ۱۹۱۳ء اتّرپردیس کے بلرام پور |
| شعری مجموعہ | : | نئی دنیا کو سلام ، ایک خواب اور ، پتھر کی دیوار |
| ایوارڈ | : | گیان پیٹھ ایوارڈ ۱۹۹۷ء |
| انتقال | : | ۲۰۰۰ء ممبئی میں |

18 'سوا سیر گیہوں' پریم چند کا مشہور افسانہ ہے۔

a) اس افسانے کے دو کرداروں کے نام لکھیے؟

b) پسندیدہ ایک کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے؟

19 چپراسی کے قتل کے جرم میں رحمت کو سات سال قید میں بند کیا گیا۔ جیل میں بیٹھ کر رحمت کو منّی کی بہت یاد آئی۔ وہ منّی کے نام خط لکھنا شروع کیا۔

بچو، منّی کے نام رحمت کا خط تیار کیجیے۔

20 ارون بابو، نہال احمد، رینا پرکاش، اور نازنین یومِ جمہوریہ کے پریڈ میں شرکت کرنے کے لیے تاریخی شہر دلّی کے سفر کے لیے نکلے۔ آپ بھی اسی طرح کہیں نہ کہیں سفر کیے ہوں گے۔ کسی ایک سفر کے تجربات بیان کیجیے۔

21 شعر غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

نہ دنیا کا غم تھا نہ رشتوں کا بندھن
بڑی خوبصورت تھی وہ زندگانی

a) یہ شعر نظم 'کاغذ کی کشتی' سے لیا گیا ہے۔ اس کا شاعر کون ہے؟

b) بچپن انسانی زندگی کا ایک اہم مرحلہ ہے۔ آپ اپنے بچپن کے بارے میں چند جملے لکھیے۔

**********************